سفیر اختر صاحب اس کے مدیر اعزازی ہیں اور اس کا ہر شمارہ مستند اور متنوع معلومات پر مشتمل ہوتا ہے اس جریدہ کے ایک شمارہ کی قیمت دس روپے اور سالانہ زر خریداری یک صد روپیہ ہے اور مندرجہ ذیل پتہ سے طلب کیا جاسکتا ہے۔
بک پروموٹرز بلاک نمبر ۱۹ مرکز ایف - سیون اسلام آباد۔

تثلیث فی التوحید

ماہنامہ المذاہب شاہدرہ لاہور کے مدیر جناب محمد اسلم رانا کو قدرت کی طرف سے مسیحیت کے مطالعہ کا خصوصی ذوق ودیعت ہوا ہے اور قارئین "الشریعہ" بھی ان کے مطالعہ و تحقیق کے نتائج سے مستفید ہوتے رہتے ہیں۔ زیر نظر کتابچہ میں انہوں نے "ایک میں تین اور تین میں ایک" کے عیسائی فلسفہ کے تاروپود کو بکھیرا' بائیبل کے حوالوں سے اس خود ساختہ فلسفہ کے بودے پن کو بے نقاب کیا اور تاریخ کی شہادتوں سے اس عقیدہ کا بدعتی اور جعلی ہونا ثابت کیا ہے۔ اسی صفحات کا یہ رسالہ اسلامی مشن سنت نگر لاہور سے طلب کیا جاسکتا ہے۔ قیمت درج نہیں ہے۔

کشمیر لہو رنگ

مقبوضہ کشمیر میں نہتے عوام بھارتی جبروتشدد کے خلاف آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں اور ایثار اور قربانیوں کی ایک نئی تاریخ مرتب ہو رہی ہے جناب ظہور الدین بٹ نے کشمیری حریت پسندوں کی اسی داستان حریت و استقلال کو زیر نظر ناول میں پیش کیا ہے پونے دو سو صفحات کے اس مجلد ناول کی قیمت ۴۵ روپے ہے اور اسے ادارہ مطبوعات سلیمانی رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور نے شائع کیا ہے۔

نقوش میوات

میوات اردو اکادمی لاہور کی طرف سے شائع ہونے والے سہ ماہی مجلّہ نقوش میوات کا دوسرا شمارہ ہمارے سامنے ہے جو میوات کی تاریخ اور شخصیات کے حالات کے بارے میں معلوماتی مضامین پر مشتمل ہے اور مجلّہ کے مدیر جناب شبیر احمد خان میواتی کے حسن ذوق کا آئینہ دار ہے۔ مولانا الطاف حسین حالی کا سفر الور اور تحریک الور میں مجلس احرار اسلام کے کردار کے بارے میں جانباز مرزا مرحوم کا مضمون بطور خاص قابل مطالعہ ہیں۔ ایک پرچہ کی قیمت ۱۵ روپے اور سالانہ زر خریداری ساٹھ روپے ہے جبکہ خط وکتابت کا پتہ یہ ہے۔ ۷/اے گلی روشن دین محلّہ حکیماں سانده خورد لاہور